**Shahabullah / Altamash**

**25-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آسیہ میمونہ

Music

------------------------------

☆ بھارتی خلاء باز شبھانشو شُکلا **SpaceX Dragon spacecraft** کے ذریعے **Axiom-4 Mission** پر روانہ ہوگئے ہیں۔ **Axiom-4** کل شام ساڑھے چار بجے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے ساتھ جڑے گا۔

☆ خلاء سے بھیجے گئے ایک پیغام میں، کیپٹن شُکلا نے کہا ہے کہ یہ مشن بھارت کے انسانی خلائی پروگرام کا آغاز ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کیلئے خلاء میں ایک نیا سنگِ میل قائم کرنے پر کیپٹن شُکلا کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورا ملک جوش وخروش اور فخر محسوس کررہا ہے۔

☆ جمہوریت کو بچانے کیلئے قربانی دینے والوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کی غرض سے ملک میں 'سمویدھان ہتیہ دوس' منایا جارہاہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں **The Emergency Diaries-Years that forged a leader** نام کی ایک کتاب کا اجرا کریں گے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج سے چین کے شہر **Qingdao** میں شنگھائی تعاون تنظیم **(SCO)** کے وزرائے دفاع کی میٹنگ میں اعلیٰ سطح کی ایک بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔

------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے---

**Axiom 4 Launch**

**Axiom 4** مشن، آج امریکہ کے فلوریڈا میں واقع کینیڈی خلائی مرکز سے روانہ کیا گیا۔ اِس مشن کے ذریعے بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کو خلاء میں بھیجا گیا ہے۔ اس مشن کے عملے کو **SpaceX Dragon** کے نئے خلائی جہاز کے ذریعے کمپنی کے **Falcon 9** راکٹ کے ذریعے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں بھیجا گیا ہے۔ اِس مشن کی قیادت امریکی کمانڈر **Peggy Whitson** کررہے ہیں اور بھارتی فضائیہ کے گروپ کپتان شبھانشو شکلا مشن پائلٹ ہیں اور ہنگری کے خلاء باز **Tibor Kapu** اور پولینڈ کے خلاء باز **Slawosz Uzanski-Wisniewski** مشن اسپیشلسٹ ہیں۔ کیپٹن شکلا خلاء میں جانے والے دوسرے بھارتی خلاء باز ہیں۔ 4 دہائیوں پہلے وِنگ کمانڈر راکیش شرما پہلی مرتبہ 1984 میں سوویت مشن کے حصے کے طور پر خلاء میں گئے تھے۔

سوشل میڈیا پوسٹ میں اِسرو نے کہاہے کہ لانچ کے 48 گھنٹوں کے بعد کل بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے چار بجے **Axiom 4**، بین الاقوامی خلائی اسٹیشن **ISS** سے جڑ جائے گا۔ **ISS** پر پہنچنے کے بعد یہ خلاء باز تقریباً دو ہفتے وہاں رہیں گے، جہاں وہ مائیکرو گریویٹی ریسرچ، ٹیکنالوجی ریسرچ اور دور سے کی جانے والی ریسرچ میں حصہ لیں گے۔ یہ خلاء باز 31 ملکوں کی 60 سائنسی مطالعوں کو انجام دیں

گے، جس میں اِسرو کی قیادت والے کئی اہم ریسرچ پروجیکٹ شامل ہیں۔ اس مشن کو 29 مئی کو لانچ ہونا تھا، لیکن تکنیکی، موسمی وجوہات کی بنا پر اور ISS میں رساؤ ہونے کی وجہ سے اس کو کئی مرتبہ مؤخر کرنا پڑا۔

اُدھر گروپ کیپٹن شکلا نے خلاء سے یہ کہتے ہوئے ایک پیغام بھیجا ہے کہ یہ ایک بہترین سفر ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت 41 سال بعد پھر سے خلاء میں ہے اور وہ زمین کے چاروں طرف ساڑھے سات کلو میٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے چکر لگارہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ 'میرے کاندھوں پر فخر کے ساتھ ترنگا لگا ہوا ہے، جس کی وجہ سے میں آپ سب کی موجودگی اپنے ساتھ محسوس کرسکتا ہوں۔ یہ مشن بین الاقوامی خلائی اسٹیشن تک کا صرف ایک سفرنہیں ہے، بلکہ یہ بھارت کے انسانی خلائی پروگرام کی شروعات ہے۔ میں آپ سب کو اس کا حصہ بننے کی دعوت دیتا ہوں۔ اپنے سینوں کو فخر سے پھولنے دیجئے، ایک ساتھ ملک کر ہم اِسی بڑی جست کو آگے لے جائیں گے۔ جے ہند، جے بھارت۔'

***Byte - Group Catain Shukla***

**President - Subhanshu Shukla**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ اب جبکہ گروپ کپتان شبھانشو شکلا نے بھارت کیلئے خلاء میں ایک نیا سنگِ میل طے کیا ہے، پورا ملک ستاروں تک ایک بھارتی کے سفر پر پُرجوش ہے اور فخر محسوس کررہا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ Axiom Mission-4 پر موجود گروپ کپتان شکلا اور امریکہ، پولینڈ اور ہنگری کے اُن کے ساتھی خلاء بازوں نے یہ ثابت کردیا ہے کہ پوری دنیا حقیقت میں ایک کنبہ ہے یعنی وسودھیو کٹمبکم۔ انھوں نے اِس مشن کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات پیش کیں، جس سے ناسا اور اِسرو کے درمیان گہری ساجھیداری ظاہر ہوتی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ عملے کے ذریعے جو وسیع پیمانے پر تجربات کئے جائیں گے، اُس سے سائنسی مطالعوں اور خلاء نبردی میں نئے مقام حاصل ہوں گے۔×

**PM - Subhanshu Shukla**

وزیر اعظم نریندر مودی نے خلائی مشن کے کامیاب لانچ کا استقبال کیا ہے۔ اِس مشن میں بھارت، ہنگری، پولینڈ اور امریکہ کے خلاء باز شامل ہیں۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارتی خلاء باز گروپ کپتان شبھانشو شکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر پہنچنے والے پہلے بھارتی بننے جارہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گروپ کپتان شکلا 140 کروڑ بھارتیوں کی امنگوں، امیدوں اور نیک خواہشات کو لے کر گئے ہیں۔ جناب مودی نے شکلا اور دیگر خلاء بازوں کو نیک خواہشات پیش کیں۔×

**Jintendra Singh - Subhanshu Shukla**

خلائی سائنس کے مرکزی وزیرِمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کیلئے مشن پر جانے والے گروپ کپتان شبھانشو شکلا کو مبارکباد دی ہے۔ شوسل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ گروپ کپتان شبھانشو شکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر جانے والے پہلے بھارتی خلاء باز ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یقینی طور پر یہ بھارت کیلئے ایک فخر کا مقام ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارتی خلائی ریسرچ تنظیم اِسرو کے عالمی اشتراک میں اضافہ ہورہا ہے، کیونکہ وزیر اعظم نریندر مودی کی زیرِ قیادت حکومت کے ذریعے لاگو کی گئیں اصلاحات نے بھارت کو خلائی شعبے میں ایک قاعد ملک بناکر پیش کیا ہے۔

نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ عملے کے بھارتی ممبر شبھانشو شکلا اس پورے مشن کے بہت اہم رکن ہیں، کیونکہ وہ پائلٹ ہیں اور وہ بھارت کے 7 خصوصی تجربات کریں گے۔

***Byte - Jitendra Singh***

**PM - Samvidhan Hatya Diwas**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج 'سمویدھان ہتھیا دِوس' کے موقع پر ان لوگوں کو سلام کیا، جنہوں نے ایمرجنسی کے خلاف سخت لڑائی لڑی تھی۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ آج بھارت کی جمہوریت کی تاریخ میں سیاح دور کو 50 سال پورے ہوچکے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ آج ہی کے دن بھارت کے آئین میں دی گئی اقدار کو ایک طرف رکھ دیا گیا تھا، بنیادی حقوق کو معطل کیا گیا تھا، پریس کی آزادی چھین لی گئی تھی اور کئی سیاسی لیڈر، سماجی کارکنان، طلبہ اور شہریوں کو جیل میں ڈال دیا گیا تھا۔ وزیر اعظم نے اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ ایمرجنسی کے دوران پورے ملک میں زندگی کے ہر شعبے سے اور مختلف نظریات رکھنے والے لوگوں نے جمہوریت کے تانے بانے کی حفاظت کی خاطر اور اُن نظریات کو بچانے کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کیا، جس کیلئے مجاہدین آزادی نے اپنی جان دی تھی۔ انھوں نے کہا کہ یہ انہیں لوگوں کی اجتماعی جد و جہد تھی، جس نے اس بات کو یقینی بنایا کہ اُس وقت کی کانگریس حکومت کو جمہوریت بحال کرکے تازہ انتخابات کا اعلان کرنا پڑا، جس میں اُن کی بری طرح شکست ہوئی۔ جناب مودی نے اِس بات کو دوہرایا کہ حکومت آئین کے اصولوں کو مضبوط کرنے اور وِکست بھارت کے اُس کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کیلئے مل کر کام کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ انھوں نے اس بات کی امید ظاہر کی کہ ملک ترقی کی نئی بلندیوں کو حاصل کرے گا اور غریبوں کے خواب شرمندۂ تعبیر ہوں گے۔

1975 میں آج ہی کے دن اُس وقت کے صدر فخرالدین علی احمد نے اندرونی خلفشار کے خطرات کا ذکر کرتے ہوئے دفعہ 352 کے تحت ایمرجنسی کا اعلان جاری کیا تھا۔ اِس ایمرجنسی کا اعلان بڑھتی ہوئی سیاسی بے چینی اور عدالتی پیشرفت کے تناظر میں کیا گیا تھا۔ جس نے اس وقت کی وزیراعظم اندراگاندھی کی حکمراں قیادت کی قانونی حیثیت کو ہلاکر رکھ دیا تھا۔x

**PM - Emergency Book**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں The Emergency Diaries-Years that forged a leader نامی ایک کتاب کا اجرا کریں گے۔ اِس کتاب میں ایمرجنسی کے خلاف وزیراعظم نریندر مودی کے کردار کو اُجاگر کیا گیا ہے، جو اُس RSS کے وقت ایک نوجوان Pracharak تھے۔ اِس کتاب میں اِس بات کی عکاسی کی گئی ہے کہ جناب مودی نے کس طرح جمہوریت کے آدرشوں کیلئے جدوجہد کی اور کس طرح انہوں نے زندگی بھر اس کے تحفظ اور فروغ کیلئے کام کیا۔ یہ کتاب جناب مودی کے اُن ساتھیوں کے بتائے واقعات پر مبنی ہے جنھوں نے اُن کے ساتھ کام کیا۔ اِس کتاب کی تصنیف میں دوسرے دستاویزی مواد کا بھی استعمال کیا گیا ہے۔

یہ اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے جو ایک نوجوان شخص کی شروعاتی زندگی کی جھلک پیش کرتی ہے جو ظلم و استبداد کے خلاف لڑائی میں اپنا سب کچھ داؤ پر لگانے کو تیار ہے۔x

**Rajnath Emergency**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ 50 سال پہلے ایمرجنسی نافذ کرکے بھارتی جمہوریت کا گلا گھوٹنے کی ناپاک کوشش کی گئی تھی۔ آج 'سمویدھان ہتیہ دوس' کے موقعے پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ لوگ آج بھی ایمرجنسی کو بھارتی جمہوریت کی تاریخ میں سیاہ ترین باب کے طور پر یاد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح ملک میں ایمرجنسی نافذ کی گئی تھی وہ اقتدار کے بیجا استعمال اور ڈکٹیٹرشپ کی ایک واضح مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُس مدت کے دوران تمام اپوزیشن رہنماؤں کو جیل میں بند کردیا گیا اور کوئی بھی آئینی ادارہ ایسا نہیں تھا جس کا بیجا استعمال نہ کیا گیا ہو۔

BJP کے صدر جگت پرکاش نڈا نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی کی آج بھی وہی آمرانہ ذہنیت ہے جو 50 سال پہلے ایمرجنسی کے نفاذ کے وقت تھی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب نڈا نے دعویٰ کیا کہ کانگریس کی حکمرانی والی ریاستوں میں نظم ونسق کی صورتحال ویسی ہی ہے جیسی ایمرجنسی میں تھی یعنی اختلاف کو کچلنا، خوشامدانہ مذہبی پالیسی اور اقتدار کا غرور۔

***S/B- Nadda Emergency***

**Rajnath SCO Meeting**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج سے چین کے شہر Qingdao میں شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے وزرائے دفاع کی میٹنگ میں بھارت کے اعلیٰ سطح کے ایک وفد کی قیادت کریں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ اپنے دورے کے دوران وہ بہت سے اُمور پر مختلف وزرائے دفاع سے بات چیت کریں گے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وہ عالمی امن اور سلامتی سے متعلق بھارت کے وژن کو پیش کرنے کے منتظر ہیں اور ساتھ ہی دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے ایک مشترکہ اور مستقل کوششیں کئے جانے پر بھی زور دیں گے۔ میٹنگ کے موقع پر وزیر دفاع، چین اور روس سمیت شرکت کرنے والے کئی ملکوں کے اپنے ہم منصب کے ساتھ دوطرفہ تبادلہ خیال بھی کریں گے۔ چین 2025 کیلئے SCO کا صدر ہے۔

بھارت SCO کو کثیرجہتی نظریہ، علاقائی سلامتی، اقتصادی اشتراک اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات کو مستحکم کرنے کے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کافی اہمیت دیتا ہے۔x

**OP Sindhu Israel**

آپریشن سندھو کے تحت اب تک اسرائیل سے 818 بھارتی باشندے وطن واپس آچکے ہیں۔ مزدوری، ملازمت اور MSME کی مرکزی وزیر مملکت شوبھا Karandlaje نے آج صبح اسرائیل سے واپس آنے والے 224 بھارتی باشندوں کا استقبال کیا۔ یہ مسافر بھارتی فضائیہ کے طیارے میں واپس آئے ہیں۔ وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ بھارتی باشندوں کا تحفظ اور سلامتی حکومت کی ترجیح رہی ہے۔x

**Palestinians Killing**

غزہ پٹی پر اسرائیل کی گولی باری اور فضائی حملوں میں کم از کم 70 فلسطینی مارے گئے ہیں۔ مرنے والوں میں زیادہ تر تعداد اُن لوگوں کی ہے، جو انسانی امداد کا انتظار کررہے تھے۔ مقامی ذرائع اور چشم دیدوں نے میڈیا کو بتایا کہ جنوبی غزہ پٹی میں شمالی رفح کے شاکوش علاقے میں امریکہ کے ایک مدد تقسیم کرنے والے مرکز کے قریب بڑی تعداد میں فلسطینی جمع ہوئے تھے، جن پر اسرائیلی فورسز نے گولی باری شروع کردی۔

غزہ کے صحت مرکز کے ایک طبی ذرائع نے بتایا ہے کہ شاکوش میں ہوئے اس واقعے میں 25 افراد ہلاک اور درجنوں دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ ایک دیگر واقعے میں مرکزی غزہ پٹی میں نُصیرت علاقے میں العودہ ہاسپٹل کے حکام نے بتایا کہ انھیں 19 لاشیں ملی ہیں اور 146 زخمی اسپتال میں آئے ہیں۔x

**Nato Ukrain**

یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نیدرلینڈ کے شہر Hague میں Nato سربراہ کانفرنس کے سرکاری پروگرام میں شرکت نہیں کررہے ہیں کیونکہ امریکہ، ترکیہ، سلوواکیہ اور ہنگری نہیں چاہتے کہ وہ اُن کے ساتھ اس میں شرکت کریں۔ یہ بات سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام میں ہنگری کے وزیراعظم Vicktor Orban نے کہی ہے۔ Nato کے لیڈر Hague میں جمع ہورہے ہیں اور ناٹو کے ممبروں میں امریکہ، برطانیہ، جرمنی، فرانس، اٹلی اور کناڈا شامل ہیں۔

ناٹو کے یہ ممبر ممالک اتحاد میں واشنگٹن کے مستقبل کے بارے میں غیر یقینی صورتحال اور روس۔یوکرین کے درمیان جاری تنازعے کے پیش نظر

ہونے والی سالانہ کانفرنس میں شرکت کے لیے اکٹھا ہوئے ہیں۔
یہ سربراہ کانفرنس کل شروع ہوئی تھی جو دو دن تک چلے گی اور یہ پہلا موقع ہوگا کہ اس سربراہ کانفرنس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ شامل ہوں گے۔ اپنی دوسری مدت کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی مرتبہ وہ اس میں شریک ہوں گے۔x

**Trump Iran Nuclear**

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس رپورٹ کو مسترد کردیا ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ ایران کا نیوکلیائی مرکز تباہ نہیں کیا گیا۔ حال ہی میں دو امریکی صحافتی اداروں نے ٹرمپ انتظامیہ کے اُس دعوے پر شکوک و شبہات پر اظہار کیا گیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ حالیہ امریکی فضائی حملوں نے ایران کے نیوکلیائی پروگرام کو مکمل طور پر تباہ کردیا ہے۔ Truth Social پر اپنی پوسٹ میں آج امریکی صدر نے CNN اور نیویارک ٹائمز دونوں صحافتی اداروں کی سرزنش کرتے ہوئے الزام لگایا کہ یہ دونوں ادارے ساز باز کرکے تاریخ کے اب تک کے سب سے کامیاب فوجی حملوں کو ناکام قرار دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایران میں واقع نیوکلیائی مقامات پوری طرح تباہ کیے جا چکے ہیں۔
ایک دیگر امریکی صحافتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے مشرق وسطیٰ میں امریکی صدر کے خصوصی نمائندے نے رپورٹ کے افشاء ہونے کو غداری سے مماثل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اِس کی جانچ کیے جانے کی ضرورت ہے۔x

---------------------------------------